# ایکزیکیٹو تلخیص

## AP-05 ایگزیکیٹو تلخیص - 24 CFR 91.200(c), 91.220(b)

**1. تعارف**

2022 کا مجوزہ کونسولیڈیٹڈ پلان کا یک سالہ منصوبہ عمل ("مجوزہ منصوبہ عمل") امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ (Housing and Urban Development, HUD) کے نام آفس آف کمیونٹی پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ (Office of Community Planning and Development) کے استحقاق کے چار پروگراموں: کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ (Community Development Block Grant, CDBG) ہوم انویسٹمنٹ پارٹنرشپس (HOME Investment Partnerships, HOME)، ایمرجنسی سولیوشنز گرانٹ (Emergency Solutions Grant, ESG) اور AIDS والے افراد کے لیے رہائش کے مواقع (Housing Opportunities for Persons with AIDS, HOPWA) کے لیے سٹی آف نیو یارک کی سالانہ درخواست ہے

اس کے علاوہ، مجوزہ منصوبہ عمل نہ صرف استحقاق فنڈز کے لیے سٹی کی درخواست کے بطور، بلکہ نیو یارک کے HOPWA کے اہل میٹروپولیٹین اسٹیٹسٹیکل ایریا (Eligible Metropolitan Statistical Area, EMSA) کے لیے HOPWA کی گرانٹ کی درخواست کا بھی کام کرتا ہے۔ آفس آف مینیجمنٹ اینڈ بجٹ (Office of Management and Budget) سے جاری شدہ میٹروپولیٹین اسٹیٹسٹیکل ایریاز (OMB بلیٹن نمبر 18-04) میں نظر ثانی کے نتیجے میں، New York-Newark-Jersey City، NY-NJ-PA میٹروپولیٹین اسٹیٹسٹیکل ایریا (Metropolitan Statistical Area, MSA) کی ساخت تبدیل ہو گئی ہے جس نے وفاقی مالیاتی سال (Federal Fiscal Year, FFY) 2022 کو متاثر کیا ہے۔ OMB بلیٹن نمبر 18-04 اور 42 U.S.C. 12903(c)(2)(B) کے مطابق، FFY 2022 کے نیو یارک سٹی کا HOPWA EMSA کا دائرہ اختیار اور مابعد کی تفویضات میں درج ذیل کاؤنٹیز شامل ہیں: Bronx County, NY; Kings County, NY; New York County, NY; Putnam County, NY; Queens County, NY; Richmond County, NY; Rockland County, NY; اور Westchester County, NY۔

2022 کے پروگرام سال کے لیے، سٹی کو HUD فارمولا گرانٹ پروگراموں کے لیے استحقاق کے مد میں $304,212,902 موصول ہوا ہے: CDBG کے لیے $166,259,543؛ HOME کے لیے $81,327,120؛ HOPWA کے لیے $41,777,058؛ اور ESG کے لیے $14,849,181۔

**.2 منصوبے میں نشاندہی کردہ مقاصد اور نتائج کا خلاصہ بیان کریں**

| **HUD کے اسٹریٹجک مقاصد کا جدول – صرف CDBG** | |
|---|---|
| **DH-1: نفیس سستی رہائش فراہم کرنے کے مقصد سے حالت رسائی** | **$26,161,000** |
| 4 پروگرام جن کا فوکس معذور افراد کے لیے قابل رسائی رہائش پر، آتش زدگی اور دیگر ہنگامی حالت سے دربدر ہوئے افراد کے لیے محفوظ رہائش فراہم کرنے پر اور بے گھر گھرانوں کے لیے مستقل سستی رہائش تلاش کرنے پر ہے۔ | |
| **DH-3: نفیس سستی رہائش فراہم کرنے کے مقصد سے پائیداری** | **$294,469,000** |
| 6 پروگرام جن کا فوکس رہائش کے ضابطہ کی خلاف ورزیوں کا ازالہ کر کے رہائش کے معیار کو بہتر بنانے، ہنگامی مرمتیں انجام دینے، اور/یا معتدل باز بحالی کے امور انجام دینے پر ہے۔ | |
| **EO-1: معاشی مواقع تخلیق کرنے کے مقصد سے حالت رسائی** | **$2,603,000** |
| 1 پروگرام جس کا فوکس کم اور معتدل آمدنی والے علاقوں میں کمرشیل اضلاع کے احیاء نو پر اور مقامی ترقیاتی کارپوریشنوں اور سوداگر تنظیموں کی لیاقت سازی پر ہے۔ | |
| **EO-2: معاشی مواقع تخلیق کرنے کے مقصد سے تحمل پذیری** | **$4,524,000** |
| 1 پروگرام جو کم اور معتدل آمدنی والے گھرانوں/افراد کو مفت تعلیمی خدمات فراہم کرتا ہے۔ | |
| **SL-1: دیرپا گزارے کے ماحول تخلیق کرنے کے مقصد سے حالت رسائی** | **$35,452,000** |
| 9 پروگرام جو تفریحی سرگرمیاں، کمیونٹی گارڈنز، بے گھر افراد کے لیے خدمات، سرکاری اسکولوں کے لیے اصلاحات اور ساز و سامان، بزرگوں کے مراکز کے احیاء نو، گھریلو تشدد یا دیگر جرائم کے متاثرین کے لیے خدمات، اور کمیونٹی سنٹرز کی عمل آوری پیش کرتے ہیں۔ | |
| **SL-2: دیرپا گزارے کے ماحول تخلیق کرنے کے مقصد سے تحمل پذیری** | **$375,000** |
| 1 پروگرام جو غذائی عدم مامون کو مفت غذا پیش کر رہے ہیں۔ | |
| **SL-3: دیرپا گزارے کے ماحول تخلیق کرنے کے مقصد سے پائیداری** | **$31,954,000** |
| 5 پروگرام جن کا فوکس سٹی کی عوامی سہولیات میں خلاف ورزیوں کو ٹھیک کرنے یا انہیں روکنے، ضرر رساں ڈھانچوں کو منہدم کرنے، اور تاریخی املاک کی اصلاح کرنے پر ہے۔ | |
| **ناقابل اطلاق – منصوبہ بندی / بندوبست** | **$34,345,000** |
| 5 پروگرام جن کی زمرہ بندی یا تو منصوبہ بندی یا بندوبست کی سرگرمیوں کے بطور کی گئی ہے، جن کو HUD کے اسٹریٹجک مقاصد پورا کرنا ضروری نہیں ہے، لیکن جو منصفانہ رہائش کو آگے بڑھانے، تاریخی حالت کے مدنظر املاک کا جائزہ لینے اور انہیں نامزد کرنے، رہائش کی خالی اسامیوں اور تحمل پذیری کا مطالعہ کرنے، علاقہ وار منصوبہ بندی کے مطالعوں کا تعاون کرنے، اور CDBG کے فنڈز وفاقی ضوابط کے مطابق استعمال ہونے کو یقینی بنانے جیسے فوائد پیش کرتے ہیں۔ | |
| **کل** | **$429,883,000** |

<u>HOME انویسٹمنٹ پارٹنرشپ (HOME)</u>

محفوظ اور محافظ صحت سستی رہائش تک رسائی وسیع کرنے کے مقاصد پورا کرنے کے لیے، HOME پروگرام 2022 میں درج پروگراموں کو فنڈ دے گا۔

- نفیس سستی رہائش تک رسائی فراہم کرنے کے مقاصد سے دو پروگراموں کو مجموعی طور پر کل $48,194,408 موصول ہونے کی توقع ہے۔



OMB کنٹرول نمبر: 2506-0117 (اختتامی میعاد 09/30/2021)

- نفیس سستی رہائش فراہم کرنے کے مقاصد سے ایک پروگرام کو مجموعی طور پر کل $25,000,000 موصول ہونے کی توقع ہے۔

- HOME فنڈز کا باقی حصہ، تقریباً $8,132,712، پروگرام کے بندوبست اور منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیاجائے گا، اور، اسی وجہ سے، یہ HUD کے متعین کردہ نتیجے/مقصد کے بیانات پر قابل اطلاق نہیں ہے۔

ایمرجنسی سولیوشنز گرانٹ (ESG)

- بے گھری کا سامنا کرنے والے تنہا بالغان کو ہنگامی پناہ گاہ کی خدمات فراہم کرنے کے مقصد سے ایک پروگرام کو مجموعی طور پر کل $7,663,794 موصول ہونےکی توقع ہے۔

- بے پناہ بے گھری کاسامنے والے افراد کے لیے اسٹریٹ آؤٹ ریچ اور ڈراپ ان کی خدمت کے مقصد سے ایک پروگرام کو کل $900,500 موصول ہونے کی توقع ہے، تاکہ عارضی اور منصوبہ بند رہائش کے اختیارات میں پلیسمنٹ کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔

- کمیونٹی پر مبنی روک تھام کی خدمات کے ذریعے بے گھری کو روکنے کے مقصد سے ایک پروگرام کو کل $2,949,009 موصول ہونے کی توقع ہے۔

- ESG کے فنڈ کا باقی حصہ، تقریباً $3,335,878، صحت کے نظم و نسق کا اطلاعاتی نظام (Health Management Information System, HMIS) کی سرگرمیوں، بشمول CAPS کی رواں ترقیات، NYC کے باہم مربوط داخلہ سسٹم کے لیے، بے گھر افراد کی تشخیص کرنے مستقل رہائش سے انہیں جوڑنے اور ان میں انہیں رکھوانے کے لیے استعمال کیاجائے گا۔

AIDS والے افراد کے لیے رہائش کے مواقع (HOPWA)

مستقل اعانتی رہائش فراہم کرنے، کرایہ دار پر مبنی کرایہ میں اعانت، مستقل رہائشی پلیسمنٹ، اور کم آمدنی پر HIV/AIDS کے ساتھ جینے والے افراد (Persons living with HIV/AIDS, PLWHA) کے لیے بے گھری کی روک تھام کے اہداف پورے کرنے کے لیے، HOPWA پروگرام کا ارادہ ہر سال پورے نیو یارک سٹی کے EMSA میں 3,000 کے قریب گھرانوں کی خدمت انجام دینے نیز کم آمدنی والے PLWHA کو سستی رہائش مہیا کرانے کی ترجیحی ضرورت پوری کرنے کا ارادہ ہے۔

صراحتی طور پر، 2022 میں:

- پروجیکٹ کے تین کفیل کرایہ دار پر مبنی کرایہ میں اعانت کی فراہمی کے ذریعے کم آمدنی والے PLWHA میں بے گھری کی روک تھام پر فوکس کریں گے۔

- پروجیکٹ کا ایک کفیل کم آمدنی والے PLWHA میں بے گھری کو کم کرے گا، کم آمدنی والے PLWHA میں رہائش کا استحکام بڑھائے گا، اور مستقل ہاؤسنگ پلیسمنٹ کی حوالگی کے ذریعے کم آمدنی والے PLWHA میں نگہداشت تک رسائی کو فروغ دے گا۔

- پروجیکٹ کے تیرہ کفیل کم آمدنی والے PLWHA میں رہائش کا استحکام بڑھایں گے اور مستقل سہولت پر مبنی رہائش اور امدادی خدمات کی حوالگی کے ذریعے ان میں نگہداشت تک رسائی کو فروغ دیں گے۔



OMB کنٹرول نمبر: 2506-0117 (اختتامی میعاد 09/30/2021)

## 3. گزشتہ کارکردگی کا جائزہ

سٹی کا 2020 کا کونسولیڈیٹڈ پلان سالانہ کارکردگی رپورٹ (Annual Performance Report, CAPER) تک رسائی میئرز آفس آف آپریشنز (Mayor's Office of Operations) کی ویب سائٹ پر حاصل کی جا سکتی ہے۔

نیو یارک سٹی کے HOPWA فارمولا استحقاق فنڈ کی گزشتہ کارکردگی کے جائزے کے لیے، براہ کرم سٹی کے 2020 HOPWA CAPER، اس دائرہ اختیار میں HOPWA کی کارکردگی پر دستیاب تازہ ترین ڈیٹا سے رجوع کریں، جو 2020 CAPER کے ضمیموں میں موجود ہے۔

## 4. شہریوں کی شرکت کے عمل اور مشاورتی عمل کا خلاصہ

سٹی ہذا عوام کو مطلع کرنے کے لیے اطلاع کے متنوع طریقے استعمال کرتی ہے۔ 2022 کے مجوزہ منصوبہ عمل کے مدنظر عوامی جائزہ کی مدت میں 500 سے زائد اطلاعات نیو یارک کے مکینوں، تنظیموں، اور سرکاری عہدیداروں کو ای میل کی گئی تھیں۔

اس کے علاو، عوامی سماعتوں کے سلسلے میں نوٹسو تین مقامی اخباروں: ایک انگریز، ایک ہسپتانو، اور ایک چینی زبان کے روزنامہ، ہر ایک شہر پیما شمارے میں شائع ہوئی تھیں۔

اس کے علاوہ، یہ نوٹس میئرز آفس آف آپریشنز اور نیو یارک سٹی کے آفس آف مینیجمنٹ اینڈ بجٹ کی ویب سائٹس پر پوسٹ کیا گیا تھا۔ 2022 کا سالانہ منصوبہ عمل کا ایک PDF ورژن میئرز آفس آف آپریشنز کی ویب سائٹ پر عوامی جائزہ اور ڈاؤن لوڈ کے لیے پوسٹ کیا گیا ہے۔

میئرز آفس آف آپریشنز نے مجوزہ *2022* کے سالانہ منصوبہ عمل کی تشکیل پر جمعرات، 9 دسمبر 2021 تا منگل، 7 جنوری 2022 تک 30 روونہ عوامی تبصرہ کی مدت (Public Comment Period) کا اعلان کیا۔ ایک ورچوئل سماعت جمعرات، 16 دسمبر کو 2:00-3:00 بجے مجوزہ *2022* کے سالانہ منصوبہ عمل کی تشکیل کے مدنظر منعقد کی گئی تھی۔

میئرز آفس آف آپریشنز نے *2022* کے سالانہ منصوبہ عمل کی حتمی جمع آوری پر 1 جولائی 2022 سے 30 جولائی 2022 تک 30 دن کی عوامی تبصرہ کی مدت کا اعلان کیا۔ ایک ورچوئل سماعت بدھ، 20 جولائی 2022 کو 2:00-3:00 بجے مجوزہ *2022* کے سالانہ منصوبہ عمل کے مدنظر منعقد کی گئی تھی۔

عوام کو 2022 کے مجوزہ سالانہ منصوبہ عمل پر اپنے تحریری تبصرے 30 جولائی 2022 کو کاروبار کے اختتام تک اس پتے پر جمع کرانے کی ہدایت دی گئی تھی: Lisa Rambaran, New York City Consolidated Plan Program Manager Mayor's Office of Operations, 253 Broadway 10th Floor, New York, New York 10007, ای میل: ConPlanNYC@cityhall.nyc.gov



OMB کنٹرول نمبر: 2506-0117 (اختتامی میعاد 09/30/2021)